سوال

(158)فقیر شوہر کو زکوٰۃ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ جائز ہے کہ عورت اپنے شوہر کو زکوٰۃ دے جب کہ وہ فقیر ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت اپنے مال کی زکوٰۃ اپنے شوہر کو دے سکتی ہے جب کہ وہ فقیر ہو، کیونکہ وہ اس ارشاد باری تعالیٰ :

إِنَّمَا الصَّدَقـٰتُ لِلفُقَراءِ وَالمَسـٰكينِ ... ٦٠ سورة التوبة

''بے شک صدقہ وخیرات فقراء اور مساکین کے لیے ہے۔'' کے عموم میں داخل ہے، لہذا اس کے فقر کو دور کرنے کے لیے اسے زکوٰۃ دی جا سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الجنائز: ج2 صفحہ131

محدث فتویٰ